(6 pages)

DECEMBER 2023 **U/ID 33279/ULF4A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ ع ''شاہد مقصود اک دن روبرو ہو جائے گا'' اس شعر کا مصرع ثانی کیا ہے؟

۲۔ ع ''اور ترا دانتوں میں وہ انگلی دبانا یاد ہے'' اس کا مصرع اول کیا ہے؟

۳۔ غزل کا عموماً موضوع کیا ہے؟

۴۔ کسی دو غزل گو شعراء کے نام لکھئے۔

۵۔ غزل کے پہلے شعر کو کیا کہا جاتا ہے؟

۶۔ رباعی میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۷۔ نظیر اکبرآبادی کی لکھی ہوئی نظم کا کیا نام ہے؟

۸۔ قافیہ کسے کہتے ہیں؟

۹۔ کسی دو نظم گو شعراء کے نام لکھئے۔

۱۰۔ غالب کا پورا نام کیا ہے؟

۱۱۔ ''شکوہ'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

۱۲۔ ایک شعر میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے کسی پانچ اشعار کی صنف وشاعر کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

۱۳۔ الٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماری دل نے آخر کام تمام کیا

۱۴۔ دل ہی تو ہے نہ سنگ وخشت، درد سے بھر نہ آئے کیوں
روئیں گے ہم ہزار بار، کوئی ہمیں ستائے کیوں

۱۵۔ ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے

۱۶۔ شمع کی مانند ہم اس بزم میں
چشم نم آئے تھے، دامن تر چلے

۱۷۔ بار بار اٹھنا اسی جانب نگاہ شوق کا
اور ترا غرفے سے وہ آنکھیں لڑانا یاد ہے

۱۸۔ کیا لطف کہ میں اپنا پتہ آپ بتاوں
کیجے کوئی بھولی ہوئی خاص اپنی ادا یاد

۱۹۔ وصال کو ہم ترس رہے تھے جو اب ہوا تو مزا نہ پایا
عدو کے مرنے کی جب خوشی تھی کہ اس کو رنج والم نہ ہوتا

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ہر جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ نظم ''خوشامد'' میں کن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے؟ خلاصہ لکھئے۔

۲۱۔ نظم ''شکوہ'' اور ''جواب شکوہ'' کا محاکمہ کیجئے۔

۲۲۔ فیض احمد فیض کی نظم ''صبح آزادی'' کا خلاصہ بیان کیجئے۔

۲۳۔ ساحر لدھیانوی کی نظم 'تاج محل'' میں کن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے؟ وضاحت کیجئے۔

۲۴۔ ذیل کے عناوین میں سے کسی ایک پر سیر حاصل مضمون لکھئے :

(الف) گلوبل ویلج کے فائدے اور نقصانات۔

(ب) محبت کا پرچار کیوں ضروری ہے۔

(ج) ماحول اور جنگلات کی حفاظت۔
